www.jang.com.pk ★★★★★★★★★

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت، ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

THE DAILY JANG RAWALPINDI ★★★

روزنامہ جنگ راولپنڈی

رجسٹرڈ نمبر NPR-002 فون 5962444، 5962449 فیکس 5962277

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

LOCAL EDITION FRIDAY JULY 04, 2025

صفحات 10 قیمت 30 روپے

جلد 67 | جمعہ 8 محرم الحرام 1447ھ 4 جولائی 2025ء 20 ہاڑ 2081ب | نمبر 181


# پنشنرز شکایات، وفاقی محتسب ٹیم EOBI آفس پہنچ گئی

## ای او بی آئی کے رجسٹرڈ ملازمین اور پنشنرز کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے، وفاقی محتسب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن (EOBI) کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات

باقی صفحہ 8 نمبر 10

بقیہ | پنشنرز شکایات | 10

کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز ای او بی آئی کے علاقائی دفتر، اسلام آباد بھیجی۔ ٹیم میں وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد ثاقب خان، کنسلٹنٹ خالد سیال، انوسٹی گیشن آفیسر جمیل احمد اور اے ایل او اعجاز حسین شامل تھے۔ وفاقی محتسب کے سینئر ایڈوائزر نے معائنہ کے دوران ای او بی آئی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ملک بھر میں سروے کر کے ایک ہفتے کے اندر رپورٹ دے کہ پاکستان میں کتنی کمپنیاں ہیں جنہیں ای او بی آئی کے قانون کے مطابق رجسٹرڈ ہونا چاہیے اور ان کی رجسٹریشن نہیں کرائی گئی۔

روزنامہ دنیا اسلام آباد، جمعۃ المبارک، 4 جولائی 2025ء

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا
اسلام آباد

# ای او بی آئی کو تمام غیر رجسٹرڈ کمپنیوں کی رپورٹ دینے کی ہدایت

## وفاقی محتسب ٹیم کا دورہ ای او بی آئی، جواب دینے کیلئے سولات کی فہرست فراہم

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ای او بی آئی کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز ای او بی آئی کے علاقائی دفتر اسلام آباد بھیجی جس میں وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد ثاقب خان، کنسلٹنٹ خالد سیال، انویسٹی گیشن آفیسر جمیل احمد اور اے ایل او اعجاز حسین شامل تھے۔ انہوں نے ای او بی آئی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ملک بھر میں سروے کر کے ایک ہفتے کے اندر رپورٹ دے کہ پاکستان میں کتنی کمپنیاں ہیں جنہیں ای او بی آئی کے قانون کے مطابق رجسٹرڈ ہونا چاہیے مگران کی رجسٹریشن نہیں کرائی گئی۔ ٹیم نے ای او بی آئی کو سوالات کی ایک فہرست بھی دی جن کے تفصیلی جوابات ایک ہفتے کے اندر دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔

روزنامہ جنگ
بانی : میر خلیل الرحمٰن
جمعہ 8 محرم الحرام 1447ھ 4 جولائی 2025ء

## سرکاری اداروں میں عوامی شکایات کا جلد ازالہ؛ وفاقی محتسب نے ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس آج طلب کرلیا

اسلام آباد (ایوب ناصر، خصوصی نامہ نگار)، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سرکاری اداروں میں عوام کی بڑھتی شکایات کے جلد ازالے، پالیسی سازی میں مشاورت کیلئے تشکیل 10 رکنی ایڈوائزری کمیٹی کا پہلا اجلاس آج طلب کرلیا، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اجلاس کی صدارت کریں گے جس میں ارکان سے عوامی شکایات کے جلد ازالے کیلئے تجاویز پر غور ہوگا۔ صدارتی آرڈر 1983 میں دیئے گئے اختیارات کے ذریعے

باقی صفحہ 8 نمبر 70

### بقیہ وفاقی محتسب / اجلاس آج 70

ے تشکیل ایڈوائزری کمیٹی میں سید آصف علی شاہ (سینئر ایڈوائزر) احمد فاروق (سینئر ایڈوائزر)، رانا سیرت (سینئر ایڈوائزر)، ایس ایم جنید زیدی (سینئر ایڈوائزر)، محمد اشفاق احمد (ڈی جی کوارڈینیشن)، محمد ثاقب خان (رجسٹرار)، حافظ طاہر خلیل (سینئر صحافی) عدنان احمد، ڈاکٹر محمد زاہد ایڈوائزری کمیٹی کے رکن ہوں گے۔